سرگودھا بورڈ 2018ء (پہلا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) _____ رول نمبر (لفظوں میں) _____ دستخط نائب ناظم امتحان: _____

وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

انشائی طرز (حصہ اول)

سوال نمبر 2: درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

﴿حصہ نظم﴾

(i) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا

(ii) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) شاخ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو — نا آشنا ہے قاعدہ روزگار سے

﴿حصہ غزل﴾

(v) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(vi) کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر — میں جاگا کیا بخت سویا کیا

(vii) عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(حصہ دوم)

سوال نمبر 3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5 ، 5

(الف) شیخ جمن کو بھی اپنی عظیم الشان ذمے داری کا احساس ہوا۔ اس نے سوچا، میں اس وقت انصاف کی اونچی مسند پر بیٹھا ہوں۔ میری آواز اس وقت حکم خدا ہے اور خدا کے حکم میں میری نیت کو مطلق دخل نہ ہونا چاہیے۔ حق اور راستی سے جو بھر مُلنا بھی مجھے دنیا اور دین ہی میں سیاہ بنا دے گا۔

(ب) فواکہ میں آم ان کو بہت مرغوب تھا آموں کی فصل میں ان کے دوست دور دور سے ان کے لیے عمدہ عمدہ آم بھیجتے تھے اور وہ خود اپنے بعض دوستوں سے تقاضا کر کے آم منگواتے تھے۔ ایک روز مرحوم بہادر شاہ آموں کے موسم میں چند مصاحبوں کے ساتھ باغ میں ٹہل رہے تھے۔

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) بلبل کو باغباں اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟ (ii) اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے؟

(iii) کس کے گلستاں میں فصل خزاں کا دور ہے؟ (iv) مرزا غالبؔ کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟

(v) شریف زادے کی غزل سن کر سودا نے کیا کہا؟ (vi) بیدار نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟

(vii) الگو چودھری نے سمجھو سیٹھ کو بیل کیوں فروخت کیا؟ (viii) نیازی نے اپنی تصویریں اختر کے حوالے کیوں کیں؟

سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (ا) مرزا غالبؔ کے عادات وخصائل (ب) امتحان 5

سوال نمبر 6: نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا مرکزی خیال/خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

سوال نمبر 7: اپنی بڑی بہن کے نام خط لکھیے۔ جس میں ان سے ان کی بیماری کی خیریت اور ان کے ہاں جانے کے پروگرام کا ذکر کیا گیا ہو۔ 10

(یا) آپ کو بروقت ڈاک نہیں ملتی۔ علاقہ انچارج پوسٹ ماسٹر صاحب کو ڈاکیہ کی شکایت تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 8: "جھوٹ کی سزا" کے عنوان سے کہانی تحریر کیجیے۔ 5

(یا) منیجر اور گاہک کے درمیان ہونے والی گفتگو کو مکالمہ کی شکل میں تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9: درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 5

(i) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔ (ii) امجد علی نے کراچی جانا ہے۔ (iii) ریوڑ جنگل میں چر رہی ہے۔

(iv) دس جگ پانچ پلیٹیں، ایک گلاس ٹوٹ گیا۔ (v) اپنے گریبان میں جھانکنا۔

یا ..... درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) ..... (ii) پاک رہو ..... (iii) تخم تاثیر .....

(iv) جس کی لاٹھی ..... (v) .....

www.ilmkidunya.com